Alberta

نیوز ریلیز

# والدین اور طلباء کیلئے مزید مدد

03 اکتوبر، 2025ء

---

**اساتذہ کی ہڑتال سے پہلے، البرٹا کی حکومت خاندانوں اور طلباء کیلئے پہلے سے بھی زیادہ امداد متعارف کروا رہی ہے۔**

البرٹا کی حکومت اساتذہ کی ہڑتال سے پیدا ہونے والی غیریقینی کی صورتِ حال کو تسلیم کرتی ہے۔ ان غیریقینی اوقات کے دوران خاندانوں اور طلباء کی مدد کرنے کیلئے، البرٹا کی حکومت اضافی امداد فراہم کر رہی ہے۔

ان اضافی امداد میں ضمنی طور پر، البرٹا کی حکومت ایک بِلا معاوضہ تعلیمی ٹول کِٹ بھی فراہم کر رہی ہے جسے والدین اسکولوں کے بند ہونے کے دوران اپنے بچوں کی تعلیم میں مدد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں، اور خاندانوں کو اپنے بچوں کیلئے چائلڈ کیئر اور تعلیمی سپورٹ کی تلاش میں مدد کرنے کیلئے 150 ڈالر فی طالبعلم فی ہفتہ تک کی مالی معاونت فراہم کر رہی ہے۔

**چائلڈ کیئر سبسڈی**

ان خاندانوں پر مالی بوجھ کو کم کرنے کیلئے جنہیں ہڑتال کے دوران اضافی چائلڈ کیئر کی ضرورت ہوتی ہے، البرٹا کی حکومت اہلیت رکھنے والے گریڈ 1 سے گریڈ 6 تک کے بچوں کیلئے اکتوبر کی فنڈنگ کی شرحوں کو بڑھائے گی جو اسکول سے باہر کل وقتی کیئر میں داخل ہیں۔

فنڈنگ میں عارضی اضافہ پانچ دنوں کی لگاتار ہڑتال کے بعد لاگو ہوگا اور اس کا اطلاق پورے اکتوبر کیلئے ہوگا۔ موسم گرما کے مہینوں میں فراہم کی جانے والی فنڈنگ کی شرحوں کے ساتھ ہم آہنگی کیلئے فنڈنگ کی شرح زیادہ سے زیادہ 644 ڈالر تک بڑھ جائے گی جب بچوں کو کل وقتی دیکھ بھال کی ضرورت ہوتی ہے۔

**دُوری سے تعلیم**

تعلیم حاصل کرتے رہنے تک مسلسل رسائی فراہم کرنے اور طلباء کو مزید لچک پذیری فراہم کرنے کیلئے، البرٹا کی حکومت دُوری سے تعلیم حاصل کرنے پر 10 کریڈٹ فی سال کی حد کو عارضی طور پر اٹھا لے گی۔ اس سے گریڈ 10 سے 12 کے طلباء کو ہڑتال کے دوران کریڈٹ حاصل کرتے رہنے کا موقع مل سکے گا اگر وہ ایسا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہوں۔ طلباء خود مختار اسکولوں کے ساتھ دُوری سے تعلیم حاصل کرنے میں داخلہ بھی لے سکتے ہیں جو ہڑتال کے دوران کسی بھی وقت یہ پروگرامنگ پیش کرتے ہیں۔

**ہوم ایجوکیشن**

والدین اپنے بچے کو کسی نگران خودمختار اسکول کے ساتھ ہوم ایجوکیشن پروگرام میں داخل کروانے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی خاندان ایسا کرنے کا انتخاب کرتا ہے، تو خاندان اور نگرانی کرنے والا خود مختار اسکول دونوں ہی ہوم ایجوکیشن گرانٹ کے 50 فیصد تک، 450.50 ڈالر تک کے اہل ہوں گے۔

"جب کہ میں اے ٹی اے کے ہڑتال کرنے کے فیصلے سے مایوس ہوں، لیکن ہم اس بات پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہیں کہ سب سے زیادہ اہم کیا ہے: ہمارے بچے اور ان کی تعلیم۔ اضافی امداد جو ہم متعارف کروا رہے ہیں ان خاندانوں کی مدد کریں گی جنہیں چائلڈ کیئر کی ضرورت ہے، طلباء کو ان کی کمیونٹیوں میں سیکھنے کے مواقع تک رسائی فراہم کریں گی اور وہ انہیں مزید آپشنز پیش کریں گی کہ وہ کیسے اور کہاں تعلیم حاصل کریں۔"

*ڈیمیٹریوس نکولیڈز (Demetrios Nicolaides)، وزیرِ تعلیم اور چائلڈ کیئر*

**فیملی پروگرامنگ**

مسلسل تعلیم کے مزید مواقع فراہم کرنے کیلئے، البرٹا کے صوبائی ورثے کے مقامات اور عجائب گھر اساتذہ کی ہڑتال کے دورانئے میں 18 سال اور اس سے کم عمر کے تمام البرٹنز کیلئے مُفت داخلے کی پیشکش کر رہے ہیں۔
مُفت داخلے کی پیشکش کرنے والے مقامات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- فرینک سلائیڈ انٹرپریٹو سینٹر، کروز نیسٹ پاس
- ہیڈ سمیشڈ ان بفلو جمپ، فورٹ میکلاؤڈ
- آئل سینڈز ڈسکوری سینٹر، فورٹ میک مرے
- ریمنگٹن کیرج میوزیم، کارڈسٹن
- رینالڈز میوزیم، ویٹاسکیوِن
- رائل البرٹا میوزیم، ایڈمنٹن
- رائل ٹائرل میوزیم، ڈرم ہیلر

والدین اور خاندانی افراد کو اس وقت بھی داخلہ فِیس ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔ 14 سالہ اور اس سے کم عمر کے مہمانوں کے ساتھ ایک بالغ فرد ہونا ضروری ہے۔ عجائب گھر اپنے اوقات کار میں توسیع بھی کریں گے۔ خاندانوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اوقات کار اور پروگرامنگ کے بارے میں تفصیلات کیلئے ہر حصہ لینے والے عجائب گھر کی ویب سائٹ دیکھیں۔

"اس غیریقینی وقت کے دوران، ہم البرٹا کے خاندانوں کی مدد کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔ اپنے صوبائی عجائب گھروں اور تاریخی مقامات پر نوجوان البرٹنز کیلئے مُفت داخلے پیش کرکے، ہم بچوں کو سیکھنے کے بامعنی مواقع فراہم کرتے ہوئے مشکلات پر قابو پانے میں والدین کی مدد کر رہے ہیں۔"
*تانیا فر (Tanya Fir)، آرٹس، کلچر، اور خواتین کے اسٹیٹس کی وزیر*

ہڑتال ہونے کی صورت میں، البرٹا کی حکومت پیچیدہ ضروریات والے بچوں کے خاندانوں کیلئے امداد کو بڑھانے کے طریقے بھی تلاش کر رہی ہے۔

**فوری حقائق**

- وہ طلباء جو دُوری سے تعلیم کے نان پرائمری داخلے کا انتخاب کرتے ہیں وہ اپنے مقامی اسکول میں اندراج کروانا جاری رکھتے ہیں جبکہ دوسرے اسکول کے حکام سے اضافی کریڈٹ حاصل کرتے ہیں۔
- اگر خاندان اساتذہ کی ہڑتال کے دوران اپنے بچوں کو ہوم ایجوکیشن پروگرام میں داخل کروانے کا انتخاب کرتے ہیں، تو وہ مزید اپنے پبلک، علیحدہ یا فرانکوفون اسکول میں رجسٹر نہیں ہوں گے۔
    - اگر وہ ہوم ایجوکیشن پروگرام کو ختم کرتے ہیں، تو انہیں ان کے اسی اسکول میں واپس آنے کی ضمانت نہیں دی جاتی جس میں انہوں نے ہوم ایجوکیشن کی طرف تبدیلی کرنے پہلے تعلیم حاصل کی تھی۔
- اسکول کے حکام کو 1-12 گریڈ کے واپس آنے والے ریذیڈینٹ طلباء کو قبول کرنے کی ضرورت ہے اور انہیں لازمی طور پر اسکول کی عملداری کے اندر اندر کسی اسکول میں داخلہ دینا چاہئے۔

# نیوز ریلیز

- البرٹا کے پیئرینٹ پیمینٹ پروگرام کے ذریعے، اہلیت رکھنے والے والدین یا سرپرست لیبر ایکشن کے دورانئے میں 30 ڈالر فی یوم، یا 150 ڈالر فی ہفتہ، فی طالبعلم وصول کریں گے۔
- والدین ہڑتال کے دوران اپنے بچے کی تعلیم میں مدد کیلئے ایک مُفت ٹول کِٹ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**متعلقہ معلومات**

- اسکول کی بندش کے دوران والدین کی امداد
- چائلڈ کیئر سبسڈی
- چائلڈ کیئر کی تلاش
- تاریخی مقامات، میوزیم اور آرکائیوز
- کیوریٹڈ پیئرینٹ ٹول کٹ
- آن لائن تعلیم حاصل کرنا
- ہوم ایجوکیشن

**متعلقہ خبریں**

- ہڑتال کے دوران والدین اور طلباء کی مدد کرنا (30 ستمبر، 2025ء)
- اساتذہ کی بات چیت کی اَپ ڈیٹ: منسٹر بارنز (29 ستمبر، 2025ء)

**میڈیا انکوائریز**

گیریٹ کوہلر (Garrett Koehler)
Garrett.koehler@gov.ab.ca
780-554-5777
پریس سیکریٹری، تعلیم اور چائلڈ کیئر